ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل ۔ کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

<u>پریس ریلیز</u>

چیئر مین ناظم آباد ٹاون کی ہدایت پر بلدیاتی خدمات کا دائرہ کار وسیع

محرم الحرام میں عزاداران حسین کو ہر ممکنہ سہولت فراہم کریں گے::سید محمد مظفر

ناظم آباد ٹاون کی تباہ حال سڑکوں اور گلیوں کو تعمیر ومرمت کر کے بحال کیا جارہاہے:اقتدار علی جعفری

مورخہ 04 جولائی 2024

کراچی(   ) چیئر مین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی ہدایت پر میونسپل کمشنر اقتدار علی جعفری کا یونین کمیٹی نمبر 07 کا دورہ محرم الحرام میں عزاداران حسین کو سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ۔اس موقع پر ڈائریکٹر سینیٹیشن ظہیر احمد،فوکل پرسن انجینئرنگ محمد عثمان غنی،ڈپٹی ڈائریکٹر الیکٹریکل مسرور اور دیگر بلدیاتی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے،میونسپل کمشنر اقتدار علی جعفری نے امام بارگاہ منصورہ،امام بارگاہ علی رضا کے اطراف صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے ساتھ جلوس کی گزرگاہوں پر جاری سی سی فلورنگ،اور امام بارگاہوں اور جلوس کی گزرگاہوں پر لائٹوں کی تنصیب کے کام کا معائنہ کیا،اس موقع پر میونسپل کمشنر اقتدار علی جعفری نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہ چیئر مین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی ہدایت پر ناظم آباد ٹاون میں بلدیاتی خدمات کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے ٹاؤن میں بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمات کے کام زور وشور سے جاری ہیں، اس سلسلے میں ناظم آباد ٹاؤن کی سڑکوں،لنک روڈ،کی تعمیر ومرمت کے ساتھ محلوں میں گلیوں کو پختہ کرنے کا کام بھی جاری ہے،انہوں نے مزید کہا محرم الحرام میں عزاداران حسین کو سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے مساجد،امام بارگاہوں اور منتظمین جلوس کی مشاورت سے خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ ناظم آباد ٹاؤن میں قائم امام بارگاہوں اور جلوس کی گزرگاہوں کے اطراف صفائی ستھرائی،روڈ کارپیٹنگ اور روشنی کے انتظامات محرم کی آمد سے قبل مکمل کر لئے جائیں اور عشرہ محرم میں مساجد وامام بارگاہوں کے اطراف روزانہ کی بنیاد پر خصوصی صفائی ستھرائی کا انتظام کیا جائے۔

فہیم مصطفی
ڈائریکٹر انفارمیشن
ناظم آباد ٹاون